© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**اسوۂ حسنہ** | مؤلف : محمد شریف قاضی ۔ ناشر : مکہ بکس ۔ ۵ سنجتی اسٹریٹ ، بیرون موری دروازہ لاہور ۔ صفحات : ۵۲۸ قیمت ۔/۴۵ روپے

انسان کی ہدایت اور آخروی کامیابی کا انحصار دو بنیادی باتوں پر ہے ۔ ایک خدا کا صحیح تصور اور اس سے صحیح تعلق ، دوسرے رسول خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت اور آپ کے دینی و شرعی مقام کا صحیح تصور اور اس کے مطابق صحیح عملی رویّہ !

حضورؐ کو خدا نے اپنے پیغام وحی کو پہنچانے اور پھیلانے کا ذریعہ بنانے کے علاوہ یہ منصب بھی عطا کیا کہ آپ اس پیغام کی قولی تشریح کے علاوہ اس کی عملی صورت بھی دنیا کے سامنے پیش کریں ، نیز جو لوگ ایمان لائیں اُن کے لیے معلّم ، مربّی اور مزکّی ہوں ، اور قیامت تک کے مسلمانوں کے لیے اسوہ اور نمونہ و معیار !

حضورؐ نے خدا کے دین کی دعوت دے کر اُسے قبول کرنے والوں پر مشتمل ایک جماعت بنائی ، اس جماعت کو تربیت دی ، اس کے ذریعے اصلاح تہذیب و ریاست کی ایک تحریک چلائی اور پھر خود ایک ریاست کا نظام چلا کر دکھا دیا کہ خدا تعالیٰ کیسا اجتماعی نظام انسانوں کے لیے پسند کرتا ہے ۔

سیرت نگاروں کا کیا ہوا وسیع کام مجموعی طور پر حضورؐ کے پیغام اور منصب اور اسوہ کو اُجاگر کرتا ہے ۔ مگر سیرت نگاری صرف یہ نہیں کہ واقعات و احوال کو ترتیب سے بیان کر دیا جائے ؟ بلکہ حضورؐ کے منصب کا صحیح تصور دلانا بھی حضورؐ کے سیرت نگار کی ذمہ داری ہے ۔ امن و عدل کا ایسا شاندار ریکارڈ کوئی دوسری قوم پیدا نہ کر سکی ۔

خوشی کی بات یہ ہے کہ " اسوۂ حسنہ " اسی نقطۂ نظر سے لکھی گئی ہے ۔ اس میں واقعات و احوال

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کے سامنے سامنے دینی احکام اور شرعی کار روائیوں کو بھی نمایاں کیا گیا ہے۔ بطور خاص ہر بحث میں قرآن سے استدلال کیا گیا ہے۔

خدا کا شکر ہے کہ عیسائیوں نے جس غلو سے کام لیا تھا اور جس کے اثرات مسلمانوں میں بھی پھیلے ہیں، اُس سے یہ کتاب محفوظ ہے۔ اس دور کا ایک فتنہ نبوت محمدیہ کے بارے میں غلو ہے۔ خدا اس فتنے سے اُمت کو مامون رکھے۔

---

قاموس الاقبال (۲ جلد) مرتب: جناب پروفیسر عبدالجبار شاکر۔ ایم۔اے ایل۔ایل۔بی

ناشر: بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن۔

اقبال کے متعلق شائع شدہ تمام کتب، خاص نمبروں اور مقالات وغیرہ کی پوری فہرست جناب عبدالجبار شاکر نے مرتب کر کے اہلِ علم و تحقیق پر خصوصاً اور اساتذہ و طلبہ پر عموماً بہت احسان کیا ہے۔ پروفیسر خواجہ غلام صادق کے یہ الفاظ حقیقت کے آئینہ دار ہیں کہ:

"جناب عبدالجبار شاکر صاحب مبارک باد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے بہت مختصر سے عرصے میں اقبالیات پر مشتمل مکمل ترین کتابیات ترتیب دی ہے اور یوں اقبال سکالرز کے لیے تحقیق کے نئے عنوانات کی راہ ہموار کی ہے" (جلد ۲)

"یہ اقبالیات پر جدید ترین اور مفید مجموعۂ کتابیات ہے"۔ (جلد ۱)

قاموس میں بعض ایسی کتب اور رسائل کے مندرجات کی نشاندہی ہے جو عام نگاہوں سے بالکل اوجھل ہیں۔ شاکر صاحب نے متعدد نایاب چیزوں تک رسائی حاصل کر لی ہے۔

---

المحسنات۔ نماز نمبر مدیر صابرہ قرنی - قیمت نماز نمبر ۸ روپے۔ چندہ سالانہ المحسنات ۴۰/- روپے

پتہ: ۱۹/C منصورہ۔ ملتان روڈ۔ لاہور

صابرہ قرنی صاحبہ کئی سال سے المحسنات کے ذریعے خواتین، طلبہ، بچوں اور کم خواندہ لوگوں تک

© rasailojaraid.com